Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, December 2023

Paper : MAUR104CCT : Classiki Asnaf-e-Sher

پرچہ : کلاسیکی اصناف شعر

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. نواب مرزا شوق لکھنوی کا پورا نام کیا ہے؟

(a) سلامت حسین خان (b) کرامت حسین خان (c) تصدق حسین خاں (d) ذاکر حسین خاں

ii. ''پھول بن'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابن نشاطی (b) مرزا شوق (c) میر حسن (d) دیا شنکر نسیم

iii. بہادر شاہ ظفر کے استاذ ہیں؟

(a) مومن (b) شیفتہ (c) سودا (d) ذوق

iv. ''گریز'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) قصیدہ (b) مثنوی (c) مرثیہ (d) رباعی

v. ''نجم النسا'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

(a) گلزار نسیم (b) زہر عشق (c) سحر البیان (d) پھول بن

vi. ''مرثیہ غالب'' کس کی تخلیق ہے؟

(a) حالی (b) شبلی (c) آزاد (d) امداد اثر

vii. ''اردو مرثیے کا ارتقا'' کس کی کتاب ہے؟

(a) محمود الہی (b) ابو محمد سحر (c) سیدہ جعفر (d) مسیح الزماں

viii. میر انیسؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(a) دہلی (b) علی گڑھ (c) فیض آباد (d) لکھنؤ

ix. ''اردو میں قصیدہ نگاری'' کے مصنف ہیں۔

(a) محمود الٰہی (b) ابو محمد سحر (c) ظفر احمد صدیقی (d) سیدہ جعفر

x. قصیدہ کا بادشاہ کسے کہا جاتا ہے؟

(a) ذوقؔ (b) مومنؔ (c) غالبؔ (d) سوداؔ

حصہ دوم

(2) قصیدہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی کا بیان کیجیے۔

(3) مثنوی کے فن پر اظہار خیال کیجیے۔

(4) مرثیہ کی تعریف اور اس کے اجزائے ترکیبی تحریر کیجیے۔

(5) امجد حیدر آبادی کی رباعی گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

(6) مثنوی ''زہر عشق'' کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

(7) ذوقؔ کی قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(8) رباعی کے فن اور روایت پر اظہار خیال کیجیے۔

(9) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

دہر جز جلوۂ یکتائی معشوق نہیں
ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خود بیں

بے دلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق
بے کسی ہائے تمنا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں

ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بم ہستی و عدم
لغو ہے آئینۂ فرق جنون و تمکیں

حصہ سوم

(10) قصیدہ کے آغاز وارتقا پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(11) مثنوی ''سحر البیان'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(12) سوداؔ کی قصیدہ نگاری کے امتیازات قلم بند کیجیے۔

(13) میر انیسؔ کی مرثیہ نگاری کے اوصاف بیان کیجیے۔

(14) محسن کاکوروی کی نعتیہ قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆